Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | بدھ ،7 مئی 2025ء ، 9 ذیقعد 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 51

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ”محفوظ پنجاب ایکٹ“ کا مسودہ تیار

قیام امن کیلئے ڈسٹرکٹ، ڈویژن اور صوبائی ٹیلی جنس کمیٹیوں کو اضافی اختیارات تفویض، امن وامان کیلئے خطرہ سمجھے جانے والے افراد کو 90 روز کیلئے حفاظتی تحویل میں لیا جاسکے گا

پاسپورٹ اور شناختی کارڈ بلاک کرنے اور بینک اکاؤنٹس منجمد کرنے کی سفارش کرسکیں گے، ایکٹ کے تحت دہشت گردی اور سنگین جرائم کے کیسز میں فیس ٹرسٹیز قائم ہوں گے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر محکمہ داخلہ کا تاریخ ساز اقدام سامنے آیا ہے۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے ”محفوظ پنجاب ایکٹ 2025“ کا مسودہ تیار کرلیا ہے منظوری کیلئے وزیراعلیٰ پنجاب کو بھجوایا جائے گا۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق محفوظ پنجاب ایکٹ امن وامان کے قیام کیلئے شرپسند عناصر کے گرد گھیرا تنگ کریگا۔ محفوظ پنجاب ایکٹ صوبائی، ڈویژنل اور ڈسٹرکٹ ایگزیکٹو (بقیہ نمبر 1)



سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب سی ایم گرین کریڈٹ پروگرام کے تحت گرین گارمنٹز کو اضافات دے رہی ہیں

ایک ہی طرح کے ریلیف کیلئے مختلف فورمز پر کارروائی نہیں ہوسکتی

عدالتی وقت بہت قیمتی ہے جو کہ سنجیدہ مسائل کیلئے وقف ہونا چاہیے

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کا غیر ضروری درخواست دائر کرنے پر اظہار برہمی

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے قرار دیا کہ ایک ہی طرح کے ریلیف کیلئے دو مختلف فورمز پر کارروائی نہیں ہوسکتی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے شہری منیر احمد کی درخواست (بقیہ نمبر 2)

دنیا خطے میں امن کیلئے کردار ادا کرے، پاکستان

جب تک مسئلہ کشمیر حل نہیں ہوتا خطے میں امن قائم نہیں ہوگا، مسئلہ کشمیر کشمیریوں کی امنگوں کے مطابق حل ہونا چاہیے

نیاریک (این این آئی) پاکستان نے پہلگام واقعہ پر بھارتی الزامات کو مسترد کردیا۔ نیاریک میں اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے نیوز کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ دنیا جان لے (بقیہ نمبر 5)

ہنرمندوں کی فلاح کیلئے جیوٹیگنگ ایپلی کیشن متعارف

جدید ڈیجیٹل اقدام کے تحت صوبے بھر کے ہنرمندوں کا تفصیلی اور حقیقی وقت کا ڈیٹا اکٹھا کیا گیا ہے

لاہور (این این آئی) پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن نے ہنرمندوں کی فلاح کیلئے جدید جیوٹیگنگ ایپ متعارف کرادی ہے اس حوالے سے سینیٹری ڈائریکٹر پنجاب کارپوریشن سائرہ عمر کی زیر (بقیہ نمبر 4)

ضمانت بطور سزا کی نہیں جاسکتی، سپریم کورٹ

عدالت نے قرار دیا کہ اعجاز چوہدری کو 12 مئی کی ایف آئی آر میں نامزد نہیں کیا گیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے پی ٹی آئی کے رہنما اعجاز چوہدری کی ضمانت بعد از گرفتاری منظور کرتے ہوئے قرار دیا انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما اعجاز چوہدری کو 12 مئی کی ایف آئی آر میں نامزد نہیں کیا گیا تھا ہے کہ ضمانت بطور سزا روکی نہیں (بقیہ نمبر 3)

وزیراعظم محمد شہباز شریف جدید ترین این آئی ایف ڈی سی ہیڈ کوارٹر کا باضابطہ افتتاح کرنے کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

پاک فوج دنیا کی سب سے پیشہ ور اور نظم وضبط کی حامل افواج میں سے ایک ہے، وزیراعظم

وزیراعظم کا آئی ایس آئی ہیڈ کوارٹر کا دورہ

سیاسی قیادت کا پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی کسی بھی خلاف ورزی کو روکنے اور فیصلہ کن جواب دینے کے لیے قومی نگرانی میں اضافے، بلا خطل بین الایجنسی کوآرڈینیشن اور آپریشنل تیاریوں کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور

وزیراعظم کا مسلح افواج کے سربراہان اور وفاقی وزرا کیساتھ آئی ایس آئی ہیڈ کوارٹرز کا دورہ، سلامتی کی موجودہ صورتحال پر تفصیلی بریفنگ، پوری قوم ہماری بہادر مسلح افواج کے پیچھے کھڑی ہے، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیر دفاع خواجہ آصف اور مسلح افواج کے سربراہان کے ہمراہ انٹر سروسز انٹیلی جنس (آئی ایس آئی) کے ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا۔ وزیراعظم آفس کے اعلامیہ کے مطابق اس موقع پر بھی قیادت کو پاکستان کی مشرقی سرحد پر بھارت کے بڑھتے ہوئے جارحانہ اور اشتعال انگیز رویے کی روشنی میں روایتی خطرے سے نمٹنے کی تیاریوں پر خصوصی توجہ مرکوز کرنے (بقیہ نمبر 5)

محکمہ خزانہ نے پی جی ٹی ڈاکٹروں کی تنخواہ کا بجٹ جاری کردیا

لاہور (این این آئی) محکمہ خزانہ پنجاب نے پی جی ٹی ڈاکٹروں کی تنخواہ کا بجٹ جاری کردیا ہے۔ محکمہ خزانہ نے یونیورسل ہیلتھ انشورنس کے تحت 3 ارب روپے (بقیہ نمبر 7)

پرائیویٹ سکولوں کی رجسٹریشن کا نیا طریقہ کار

رجسٹریشن کے لئے نیا بلڈنگ اور ہائی جینک سٹینڈرڈ پیش کرنا ہوگا

لاہور (این این آئی) پرائیویٹ سکولوں کی رجسٹریشن نہیں ہوگی۔ ایم ایس ایف آر کا کا رجسٹریشن کا طریقہ کار، رجسٹریشن کے لئے نیا بلڈنگ اور ہائی جینک سٹینڈرڈ پیش کرنا ہوگا، زیر تحت پرائیویٹ (بقیہ نمبر 6)

ملک بھر سے اکٹھی ہونیوالی رقم پر تمام صوبوں کا حق ہے، سپریم کورٹ

80 ارب روپے میں سے 42.5 فیصد شیئر وفاق کے پاس جائے گا تو باقی کہاں جائیں گے؟ جسٹس محمد علی مظہر

آپ 18 ویں آئینی ترمیم کے آرکیٹکٹ! ایسے آپ این ایف سی ایوارڈ کا متیاز کر دینگے، جسٹس جمال مندوخیل کا رضا ربانی سے مکالمہ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے آئینی بنچ نے سپریم کورٹ کے جسٹس علی مظہر نے استفسار کیا کہ 80 ارب روپے میں سے 42.5 فیصد شیئر وفاق کے پاس جانے کا تو باقی کہاں جائیں گے؟ وکیل رضا ربانی نے مؤقف اختیار کیا کہ وفاقی حکومت کو یہ شیئر این ایف سی (بقیہ نمبر 8)

سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب گرین کریڈٹ پروگرام کے تحت ریسائیکلنگ میں پیش پیش ڈال کر آغاز کر رہی ہیں

شہر بھر سے 3 ہزار سے زائد تجاوزات ختم، 29 ٹرک سامان سمیت ضبط

لاہور (این این آئی) اسلام آباد تجاوزات گرینڈ آپریشن جاری ہے، ڈی سی کی ہدایت پر 3000 سے زائد تجاوزات ختم کر دی گئی، 29 ٹرک سامان سمیت ضبط کر لئے گئے۔ تعمیرات کے مطابق ضلعی انتظامیہ لاہور کو تجاوزات سے پاک شہر بنانے کے لئے دن رات کوشاں ہیں، وزیراعلیٰ کے ویژن کے مطابق شہری خوشحالی کیلئے (بقیہ نمبر 9)

حجاج کرام ضابطہ اخلاق کی پابندی کریں، وزارت مذہبی امور

پرائیویٹ حجاج کے معاملہ میں 22 دسمبر کا معاہدہ مسائل ومصائب کا سبب بنا، حجاج کرام کی خدمت ہمارا مشن ہے

حج کے انتظامات کو حتمی شکل دینے کیلئے وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف آج سعودی عرب روانہ ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) حجاج کرام کی خدمت ہمارا مشن ہے، حج کے انتظامات کو حتمی شکل دینے کیلئے سردار محمد یوسف (آج) بدھ کو سعودی عرب روانہ ہوں گے، وفد میں پاکستان علماء کونسل کے سیکرٹری جنرل اعزاز عظیم مرزا مشیر کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی کی وفاقی وزیر مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف نے کہا کہ حجاج کرام کی خدمت ہمارا مشن (بقیہ نمبر 7)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ماسٹر ٹرانزٹ سسٹم سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

گھریلو صارفین کو بلا تعطل گیس فراہمی کیلئے قیمت بڑھانی پڑیگی

گیس کی لوڈ شیڈنگ کی وجہ درآمدی ایل این جی، لاہور میں گیس کی بحالی کے لیے کام جاری ہے

ملک میں قدرتی گیس کی پیداوار صرف 45 فیصد رہ گئی ہے، ایم ڈی سوئی ناردرن کی بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) سوئی ناردرن حکام نے سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے پیٹرولیم گیس کی آگاہ کیا ہے کہ اگر گھریلو صارفین کو بلا تعطل گیس فراہم کریں تو پھر قیمت بھی بڑھانی پڑے گی۔ اجلاس میں بریفنگ دیتے ہوئے ایم ڈی سوئی ناردرن گیس نے کہا کہ گیس کی لوڈ شیڈنگ کی وجہ درآمدی ایل این جی ہے، لاہور میں گیس کی بحالی کے لیے کام جاری ہے اور کامل طور آنا کے مسائل ذاتی (بقیہ نمبر 6)

تین ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کو مختلف بینکنگ کورٹس میں تعینات کیا گیا

تینوں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کو مختلف بینکنگ کورٹس میں تعینات کیا گیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے تین ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کی خدمات وفاقی حکومت کے سپرد کردیں، تینوں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کو مختلف بینکنگ کورٹس میں تعینات کیا گیا (بقیہ نمبر 3)

لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن منصورہ میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

بھارت نے ریڈ لائن کراس کی تو بھرپور جواب ملے گا، مشاہد حسین

آرمی چیف نے واضح طور پر بھارت کو پیغام دیا ماضی میں اس طرح کلیئر میسج نہیں دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) مشاہد حسین سید نے کہا کہ بھارت نے ریڈ لائن کراس کی تو بھرپور جواب ملے گا۔ مشاہد حسین سید نے نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے (بقیہ نمبر 2)

سانحہ نوشکی کا ایک اور زخمی دم توڑ گیا! جاں بحق افراد کی تعداد 20 ہوگئی

کوئٹہ (این این آئی) سانحہ نوشکی میں زخمی ہونے والا ایک اور شخص دم توڑ گیا، جس کے بعد افسوس ناک واقعے میں جاں بحق ہونے والے افراد کی تعداد 20 ہوگئی۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق سانحہ نوشکی کا حریف ایک زخمی دوران علاج دم توڑ گیا اور آئل ٹینکر میں آتشزدگی کے واقعے میں جاں بحق افراد کی تعداد 20 ہوگئی (بقیہ نمبر 18)

ای چالان جنگ سٹیشن کیلئے سو کرپاور سسٹم نصب کرنے کا فیصلہ

میلو لائن ماس ٹرانزٹ سسٹم کی فزیبلٹی سٹڈی رپورٹ پیش، جناح ٹرمینل تا ہرنس پورہ میلو لائن پراجیکٹ پر جلد از جلد کام شروع کرنے کا حکم

عوام کی سہولت کے مطابق روٹس کا تعین کرنے کی ہدایت، پنجاب میں الیکٹریفائیڈ ای ٹیکسی پراجیکٹ کے بارے میں تفصیلات سے آگاہ کیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں ماس ٹرانزٹ پراجیکٹس پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں میلو لائن ماس ٹرانزٹ سسٹم کی فزیبلٹی سٹڈی رپورٹ پیش کی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جناح ٹرمینل تا ہرنس پورہ میلو لائن پراجیکٹ پر جلد از جلد کام شروع کرنے کا حکم دیا۔ پنجاب میں الیکٹریفائیڈ ای ٹیکسی (بقیہ نمبر 2)

نشے کے عادی شخص کی دیرینہ رنجش پر فائرنگ، 5 افراد جاں بحق

آئی جی پنجاب کا نوٹس، آر پی او گوجرانوالہ سے رپورٹ طلب کرلی

گوجرانوالہ (این این آئی) گوجرانوالہ کے علاقے فخریہ دکھاں کے میں نشے کے عادی ملزم نے دیرینہ رنجش پر فائرنگ کرکے 5 افراد کو قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کا واقعہ قلعہ ستے عالی کے عادی دکھاں میں پیش آیا (بقیہ نمبر 9)

بلوچستان میں بھارتی دہشتگردی کا منصوبہ بے نقاب ہوگیا

”را“ نے بی ایل اے، فتنہ الخوارج کو ان شیروں میں دہشتگردی کی ہدایات دیدیں

کوئٹہ (این این آئی) بھارت کا پہلگام فالس فلیگ ناکامی کے بعد بلوچستان میں بھی بڑی دہشتگردی کا منصوبہ بے نقاب ہوگیا۔ انٹیلی جنس ایجنسی را نے ذرائع کے مطابق بھارتی ایجنسی را نے کوئٹہ اور خضدار میں دہشتگردی کا منصوبہ بنایا۔ بھارتی ایجنسی را نے (بقیہ نمبر 2)

5 ماہ کی بچی کو 6 لاکھ روپے میں بیچنے والے میاں بیوی سمیت 3 افراد گرفتار

لاہور (این این آئی) پولیس نے 5 ماہ کی بچی کو 6 لاکھ روپے میں بیچنے والے میاں بیوی سمیت 3 افراد کو گرفتار کرلیا۔ لاہور کے علاقے گلبرگ میں 5 ماہ کی بچی کو 6 لاکھ روپے میں فروخت کی کوشش ناکام بنا دی گئی۔ بچی کو بیچنے والے میاں بیوی سمیت 3 افراد کو پولیس نے گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف پولیس کی مدعیت میں مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق 5 ماہ کی بچی کو ملزم روی (بقیہ نمبر 28)

غیر ضروری نظر ثانی درخواستوں کی حوصلہ شکنی ہونی چاہیے

نظر ثانی صرف واضح قانونی غلطی کی صورت میں ہی ممکن ہے، جسٹس منصور

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں خصوصی نشستوں سے متعلق نظر ثانی کیس سماعت سے قبل جسٹس منصور علی شاہ نے نظر ثانی اختیارات سے متعلق اہم فیصلہ جاری کر دیا۔ سپریم کورٹ کے جسٹس منصور علی شاہ نے نظر ثانی اختیارات کے دائرہ کار پر اہم فیصلہ جاری کر دیا۔ فیصلے کے مطابق نظر ثانی صرف آرٹیکل 188 اور (بقیہ نمبر 26)

جوڈیشل کمپلیکس بخشی خانہ میں بم کی افواہ، سرچنگ کے بعد کلیئر

پولیس نے بخشی خانہ جوڈیشل کمپلیکس اور راہداریوں کی سیکیورٹی بھی بڑھا دی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے جوڈیشل کمپلیکس کے بخشی خانہ میں بم کی افواہ پھیل گئی جس کے بعد حکام نے سرچنگ کی۔ رپورٹ کے مطابق افواہ کے فوری بعد پولیس نے سیکیورٹی والی الرٹ کردی اور بخشی خانہ کی سرچنگ شروع کردی۔ سرچنگ کے دوران حکام کو کوئی بم نہیں ملا اور عمارت کو کلیئر قرار دے دیا۔ پولیس نے بخشی خانہ (بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد آئی جی اسلام آباد سہیل علی ناصر رضوی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سانحہ 12 مئی کیس آئندہ سماعت پر گواہوں کو پیش کرنے کا حکم

کراچی (این این آئی) کراچی کی انسداد دہشت گردی عدالت نے آئندہ سماعت پر گواہوں کو پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ کراچی کی انسداد دہشت گردی عدالت میں سانحہ 12 مئی کیس کی سماعت ہوئی۔ سماعت کے دوران ایم کیو ایم کے رہنما ہم اختر عمیر (بقیہ نمبر 1)

سول ڈیفنس سیالکوٹ کے 3 افسران کو نااہلی، غفلت اور بدانتظامی پر معطل کردیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق محکمہ داخلہ میں میرٹ کی بالادستی، سیکرٹری داخلہ پنجاب فورڈا امین میتلہ نے سول ڈیفنس سیالکوٹ کے 3 افسران کو نااہلی، غفلت اور بدانتظامی پر معطل کردیا۔ تفصیلات کے مطابق سول ڈیفنس ڈپٹی ڈائریکٹر شاہد پرویز، چیف انسٹرکٹر عبداللہ شاکر اور (بقیہ نمبر 2)

نشے کے عادی شخص کی دیرینہ رنجش پر فائرنگ، 5 افراد جاں بحق

آئی جی پنجاب کا نوٹس، آر پی او گوجرانوالہ سے رپورٹ طلب کرلی

گوجرانوالہ (این این آئی) گوجرانوالہ کے علاقے فخریہ دکھاں کے میں نشے کے عادی ملزم نے دیرینہ رنجش پر فائرنگ کرکے 5 افراد کو قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کا واقعہ قلعہ ستے عالی کے عادی دکھاں میں پیش آیا (بقیہ نمبر 9)

بلوچستان میں بھارتی دہشتگردی کا منصوبہ بے نقاب ہوگیا

”را“ نے بی ایل اے، فتنہ الخوارج کو ان شیروں میں دہشتگردی کی ہدایات دیدیں

کوئٹہ (این این آئی) بھارت کا پہلگام فالس فلیگ ناکامی کے بعد بلوچستان میں بھی بڑی دہشتگردی کا منصوبہ بے نقاب ہوگیا۔ انٹیلی جنس ایجنسی را نے ذرائع کے مطابق بھارتی ایجنسی را نے کوئٹہ اور خضدار میں دہشتگردی کا منصوبہ بنایا۔ بھارتی دہشتگردی کا منصوبہ بے نقاب ہوگیا۔ انٹیلی جنس ایجنسی را نے (بقیہ نمبر 2)

5 ماہ کی بچی کو 6 لاکھ روپے میں بیچنے والے میاں بیوی سمیت 3 افراد گرفتار

لاہور (این این آئی) پولیس نے 5 ماہ کی بچی کو 6 لاکھ روپے میں بیچنے والے میاں بیوی سمیت 3 افراد کو گرفتار کرلیا۔ لاہور کے علاقے گلبرگ میں 5 ماہ کی بچی کو 6 لاکھ روپے میں فروخت کی کوشش ناکام بنا دی گئی۔ بچی کو بیچنے والے میاں بیوی سمیت 3 افراد کو پولیس نے گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف پولیس کی مدعیت میں مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق 5 ماہ کی بچی کو ملزم روی (بقیہ نمبر 28)

کلی مروت، مسافر گاڑی پر آئی ای ڈی حملہ، 2 افراد زخمی

سیکیورٹی فورسز نے علاقے گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کردیا

کلی مروت (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع کلی مروت کے علاقے کوٹ کشمیر میں دریائے کھمبلا پل کے قریب مسافر گاڑی کو بم حملے کا نشانہ بنایا گیا۔ مقامی ذرائع کے مطابق حملہ کے لیے تحصیل ہیڈ (بقیہ نمبر 3)

اپوزیشن کی ریکوزیشن پر پنجاب اسمبلی کا اجلاس 13 مئی کو طلب

لاہور (این این آئی) اپوزیشن کی ریکوزیشن پر پنجاب اسمبلی کا اجلاس 13 مئی کی دوپہر 2 بجے طلب کر لیا۔ اسمبلی سیکرٹریٹ نے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

مستوفگ میں فائرنگ، خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق

مستوفگ (این این آئی) بلوچستان کے علاقے مستوفگ میں فائرنگ سے ایک خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق ہوگئے۔ لیویز ذرائع کے مطابق فائرنگ کا واقعہ مستوفگ کے فوادی علاقے قلی بزار خان میں پیش آیا۔ فائرنگ کے بعد مسلح افراد فرار ہو گئے جن کی تلاش جاری ہے۔

سندھ طاس معاہدے کی معطلی انسانیت کیخلاف جرم، بلاول بھٹو

پاکستان دہشت گردی کا شکار ہے، بھارتی حکومت غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کر رہی ہے

پاکستانی قوم نے ڈر کر جینا نہیں سیکھا، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو کا قومی اسمبلی میں اظہار خیال

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدے کی معطلی انسانیت کیخلاف جرم ہے، پاکستان دہشت گردی کا شکار ہے، بھارتی حکومت غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کر رہی ہے، پاکستانی قوم نے ڈر کر جینا نہیں سیکھا۔ سنگل کوڈ کی اسمبلی میں پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے بعد بھارتی جارحیت کے حوالے سے اظہار خیال کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پہلگام واقعے کے بعد مظلومین کا خون بہنے سے قبل ہی بھارت نے پاکستان پر الزام تراشی شروع کردی، سرحدیں بند کردیں (بقیہ نمبر 4)

صوبائی پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات وثقافت بخاب شازیہ رضوان سے صوبائی پارلیمانی سیکرٹری ایمز سرمد مزمل بخاب ضیاء اللہ شادی کی ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

گوجرانوالہ، دیرینہ دشمنی پر اندھا دھند فائرنگ سے 5 افراد قتل

پولیس نے ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے شروع کردیے

گوجرانوالہ (این این آئی) دیرینہ دشمنی کی بنیاد پر گوجرانوالہ کے علاقے قلعہ ستے عالی کے دکھاں میں دیرینہ عداوت فائرنگ کرکے 5 افراد کو قتل کر دیا گیا، شاہیہ میں فائرنگ کرکے 5 افراد کو قتل کر دیا گیا، شاہیہ میں دیرینہ عداوت نے خونیں رخ اختیار کر لیا، جہاں ملزم عمران گیرو نے معمولی تنخ کلامی (بقیہ نمبر 2)

چار گھی بہنوں سمیت 6 معصوم بچیوں کی اجتماعی نماز جنازہ

بچیاں گھر میں کھیلتے ہوئے گندم کے بھڑولے میں دم گھٹنے سے جاں بحق ہوگئی تھیں

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا کے گھر میں کھیلتے ہوئے گندم کے بھڑولے میں دم گھٹنے سے جاں بحق چار گھی بہنوں سمیت 6 معصوم بچیوں کو اجتماعی نماز جنازہ ادا کرکے سپرد خاک کر دیا گیا۔ جن کے ایک ہی گھر سے چھ جنازے اٹھے ہو ہر آنکھ اشکبار تھی، (بقیہ نمبر 2)

اسکیمر جنرل پولیس اسلام آباد سہیل علی ناصر رضوی پولیس اہلکاروں میں نمایاں کارکردگی پر نقد انعامات اور اسناد تقسیم کر رہے ہیں

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوام کی سچی ترجمان آواز
ABC
ادارہ تحریر: نیشنل پریس کلب، فیکس: 051-5120-2
ادارہ تحریر: نیشنل پریس کلب، فیکس: 051-5120-2

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

گیارہ لاکھ آؤٹ آف سکول بچوں کی انرولمنٹ

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیرصدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں اہم فیصلے کیئے گئے اور وزیراعلیٰ کو سکول ایجوکیشن کے موجود اور مجوزہ پراجیکٹس کے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پنجاب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ مختصر مدت میں 11 لاکھ آؤٹ آف سکول بچوں کی انرولمنٹ کا منفرد ریکارڈ قائم کیا گیا ہے۔ اس کامیابی پر مریم نواز نے وزیر تعلیم اور پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کی ٹیم کو شاباش دی اور سکول مینجمنٹ کونسل کو 10 ارب روپے سے 90 دن کے اندر ضروری سہولتوں کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت اور اسی جگہ ایک سال کے اندر تمام سکولوں میں درکار کلاس روم بنانے کا حکم بھی دیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے ہر ضلع میں طلبا اور طالبات کیلئے نوازشریف سکول آف ایمینٹس بنانے کی ہدایت کی' جس میں اے آئی، سائنس لیب، لائبریری، ملٹی پرپز پلے گراؤنڈز' سمارٹ بورڈ اور دیگر جدید سہولتیں میسر ہوں گی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے تعلیم کے فروغ کیلئے جو اقدامات کئے جا رہے ہیں' وہ قابل ستائش ہیں۔ گزشتہ سال حکومت پنجاب کی جانب سے "ہونہار سکالرشپ پروگرام" کا آغاز کیا گیا جس سے ہزاروں غریب اور نادار بچے بچیاں مستفید ہو رہی ہیں۔ اب اگلی ہدایت پر انرولمنٹ مہم کا آغاز کیا گیا ہے' جس کے تحت مختصر مدت میں گیارہ لاکھ سکول نہ جانے والے بچوں بچیوں کی سکولوں میں اندراج کیا گیا ہے۔ اطمینان بخش پہلو یہ ہے کہ سرکاری سکولوں میں انرولمنٹ میں کمی پر جوابدہی ہوگی اور یوکس اندراج پر سکول کے سربراہ کے ساتھ چیمبرز پر پیڈا ایکٹ لگایا جائیگا۔ جعلی اندراج روکنے کیلئے نادرا سے بھی تصدیق کرائی جائیگی۔ حکومت کے ان اقدامات سے بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ یہ اقدامات محض سیاسی پوائنٹ سکورنگ نہیں' بلکہ تعلیم کے فروغ' اور' تعلیم بنیادی حق" جیسے نعرے کو عملی جامہ پہنانے کی طرف ایک مثبت قدم ہے۔ اگر تعلیم کے فروغ کیلئے سرکاری سکولوں کی اسی طرح سرپرستی کی جاتی رہی اور ان سکولوں کو دور جدید کے تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جاتا رہا تو نہ صرف شرح خواندگی میں اضافہ ہوگا بلکہ عام آدمی کا اپنے بچے کو اچھی تعلیم دینے کا خواب بھی پورا ہو سکے گا۔ ان اقدامات سے جہاں سرکاری سکولوں کی اہمیت بڑھے گی وہیں نجی تعلیمی اداروں کی حوصلہ شکنی ہوگی اور انکی اجارہ داری بھی ختم کی جا سکے گی۔

تھانیدار

تحریر: پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

میرے سامنے ایسے وقت کا مشہور غلام سفاک تھانیدار ہے جس کی تصویر میں یہ بیٹھا تھا جب اس کی رگوں میں جوان خون دوڑتا تھا تو کہتا تھا اس شہر کا واحد سکہ رائج میں ہی ہوں لوگوں کی عزت بے عزتی میرے دم سے ہے شتے چاہوں عزت دوں جس کو چاہوں اس کی زندگی اجیرن کر دوں میرے جیسا کوئی نہیں ہے خود کو نگ سٹیر اور طاقت کا پہاڑ سمجھتا تھا اور آج جب بیکار سے نکل کر میری طرف آ رہا تھا تو وہ بندوں نے اس کے فائج زدہ جسم جو ہرا دیا ہوا تھا اس کی آنکھیں اس کا وزن اٹھا رہی بجائے زمین پر گھسٹتی ہوئی آ رہی تھیں طاقت کے پہاڑ کی آج یہ اوقات تھی کہ اپنا جسم ہی نہیں سنبھالا جا رہا تھا دوسروں پر ظلم کرنے والا آج خود بے بسی کا مجسمہ بنا ہوا تھا اس کے چہرے پر جہاں جوانی اور سرخی کے سورج روشن رہتے تھے آج ویرانی اور سیاہ رات نے قبضہ بنا رکھا تھا آنکھوں اور چہرے پر پھیائی ویرانی اس کے چہرے اور وجسم کو کھنڈر بنا چکی تھی طاقت اور جوانی کب کی رخصت ہو چکی تھی اب تو کمزوری بیماری اور بڑھاپے کا قبضہ تھا آج تو اس کے چہرے پر زرتی کے تاثرات تھے جوانی میں پروقت اس کے چہرے پر غرور اور ظلم کے خطے رقص کرتے تھے اس غلام کے ساتھ آج شخص نے جب ہاتھ کیا تو زمانے میرے دماغ میں کئی سال پہلے کا وہ تھانیدار تھانیدار اور غلامانہ قہقہہ گونجا رہا تھا۔ جب اس تھانیدار کے اقتدار کا سورج سوا نیزے پر تھا اقتدار اور جوانی نے اس کو پاگل وحشی بنا کر رکھ دیا تھا اپنی خوفناک شہرت کو قائم اور بڑھانے کے لیے یہ بڑے سے بڑا ظلم کرنے سے بھی نہیں گھبراتا تھا جبھی تو اس کی دوست کی مدد کے لیے اس کے تھانے میں FIR کی نقل لینے گیا تھا میں اور میرا دوست کسی بڑے پولیس افسر کا ذکر کر رہے تھے جب ہم تھانے پہنچے تو SHO صاحب تھانے میں نہیں تھے ہمیں کہا گیا کہ تھانیدار صاحب گشت پر گئے ہیں تھانے میں موجود عملہ جو کہ خونخوار بھیڑیوں کی طرح منہ کھولے بیٹھا تھا کہ کوئی مرغی کس طرح ذبح کرنی ہے کسی مرغی سے پیسے کسی سے چائے مٹھائی کسی سے کولڈ ڈرنکس منگوانے جا رہے تھے کسی سے موبائل فون میں بیلنس کی ڈیمانڈ جاری تھی ہر آنے والے سائل کو کس طرح لوٹنا ہے کیونکہ انہیں یہ عمل انتہائی بے دردی سے جاری تھا۔ تھانے کا تمام عملہ بے دردی سے مرغی سے لوٹ مار کر رہا تھا۔ ہم مجبوراً تھانیدار صاحب کا انتظار کر رہے تھے ہمیں انتظار کو تقریباً تین گھنٹے گزر گئے تو تھانے کے پچھلے حصے سے تھانیدار سر پر خضاب لگائے بڑی توند کے ساتھ نمودار ہوئے پیٹ اتنا پھولا ہوا تھا کہ جیسے ابھی پھٹ جائے گا تھانیدار صاحب نے آتے ہی دو ڈھوجان لڑکوں کو بری طرح مارنا پیٹنا شروع کر دیا وہ دھتیانہ انداز سے لاؤں گھونسوں سے نوجوان لڑکے کو کوس کو مار رہا تھا کہ تمہاری ماں کی تمہی تم مجھے جانتے نہیں تم کو قبرات کیسے ہوئی میں تم کو زندہ نہیں چھوڑوں گا میں ذبح کر کے رکھ دوں گا وہ دونوں لڑکوں کو اس ظالمانہ طریقے سے مار رہا تھا جیسے ان کی ہڈیاں توڑ کر رکھ دے گا ان بیچاروں کو اتنا مار کھانا کہ ان کے چہرے پر لہولہان ہو گئے بچوں کے چہروں پر خون دیکھ کر ان کا بوڑھا باپ تیزی سے آگے بڑھا اور تھانیدار صاحب کے قدموں میں لیٹ گیا سرکار معاف کر دیں خدا کے لیے معاف کر دیں آئندہ یہ غلطی نہیں کریں گے بچوں کی غلطی صرف اتنی تھی کہ پولیس کے روکنے پر انہوں نے موٹر سائیکل نہیں روکی تھی یہ بڑھاپے سے رو رہے تھے کہ تم نے ہاتھ پر اکیڈمی جانا تھا تھانیدار صاحب اس لیے مار رہے تھے کہ شہر میں ان کی دہشت بحال جائے اور دوبارہ کوئی اس کے لاؤں کے عملے کی حکم عدولی نہ کرے بعد میں پتہ چلا کہ اس طرح مارنے کا مقصد یہ بھی تھا کہ فائلیں لے آئے وہ باقی لوگوں پر دہشت پڑ جائے تھانیدار صاحب کے قدموں سے لپٹا ہوا تھا بوڑھے باپ نے اپنی گھڑی اور چینے تھانیدار صاحب کو دیئے تو تھانیدار صاحب کا ضمیر جھنجھوا اٹھا تھانیدار صاحب اپنی کرسی پر جلوہ گر ہوئے اب ایک اور بوڑھا باپ جو اپنے بچے کا کھانا لے کر آیا تھا ڈرتے ڈرتے پیش ہوا کہ اس کی ملاقات اس کے بیٹے سے کرائی جائے اور اس کا کھانا بھی دیا جائیں انچ اوصاحب نے دھاڑتے ہوئے کہا ہمیں پیسے نہیں لگے میں کھانا کون کھلائے گا۔ بوڑھے باپ نے فریاد کی کہ صاحب آپ بھی کمالیں تو تھانے دار صاحب نے حکم جاری کیا ملاقات ہوگی سب کو ہمارے بیٹے مٹن کراتی ہیں تو دوسری مرغی کو فرمٹ لانے بھیج دیا اس دوران دوسری مرغی کو فرمٹ لانے بھیج دیا کسی کو سٹیشنری کسی سے کیا کسی سے کیا کوئی دیر بعد بڑھاپے مٹن کڑاہی کے ساتھ واپس آیا تو دوسرا گم یہ باری کیا باباجی کو لڈو ڈرنکس اور روٹیوں کے بنا کیسے کھائیں گے اب بوڑھا باپ روٹیاں اور کولڈ ڈرنکس لینے چلا گیا جب بوڑھا باپ واپس آیا تو یہ مٹن کڑاہی پروٹ پڑا کھانے کھانے اکلا آرڈر یہ جاری کیا کہ فلاں مٹھائی کی شاپ سے یہ مٹھائی لے کر آں بوڑھے نے ہاتھ جوڑتے ہوئے کہا جناب آپ نواب کمار ہے اب مجھے میرے بیٹے سے ملنے دو جانے تو کہنے کی اس کو کھانا دے سکوں لیکن اس فرعون نے دھاڑتے ہوئے کہا اے باباجی ملاقات کے لرآرمد تیری ملاقات نہیں ہوگی شدت کرب اور غم کی جہ سے بو ڈھے باپ کی آنکھوں سے آنسوں کی موسلا دھار بارش جاری تھی بیچارے باپ کا بس نہیں چل رہا تھا مجبور باپ جیئے کی محبت میں سر ہاری گوروں کی طرح خدمت کر رہا تھا یہ فرعون بات آرڈر پر آرڈر دے رہا تھا اور بے چارہ مظلوم باپ اس کا ہر غلامانہ حکم ماننے پر مجبور تھا اور یہ ظالم ہم سب کو اپنی رعایا اور کیڑے مکوڑے سمجھ کر مسند اقتدار پر فرعون بنا بیٹھا تھا یہ ستم سب کو مجرم سمجھا بیٹھا تھا ذہب اخلاقیات شرافت وضع داری ایمانداری محبت پیار خلوص خدمت خلق اللہ رسول کا خوف اس کے تقریب سے نہ گزرے تھے یہ اپنی طاقت اور دہشت پر ناچ رہا تھا اور مظلوموں کو نچا رہا تھا آخر یوز حمایب اس غلام کی من پسند مٹھائی لے کر آیا تو اس نے اس پر تشدد نہ فرمایا اور کہا چاہیے حرامی جیئے کو کھانا کھلا دے اس کے ساتھ اور بھی آمریت موجود رہی۔ سیاسی پارٹیاں جمہوریت کے استحکام کے لیے کوئی خاص کردار ادا نہیں کر سکیں۔ سیاست بہت آلودہ ہو چکی ہے اور ہر پارٹی سیاست کو تعریف اپنی مرضی کے مطابق کر رہی ہے۔ کوئی پارٹی قوم پرستی کے نام پر اپنا وجود برقرار رکھ رہی ہے اور کوئی پارٹی زبان کے نام پر چپ رہی ہے۔ کہیں مسلک کے نام پر عوام کی کھال اتاری جا رہی ہے اور کہیں سوشلزم' کمیونزم کے نام پر عوام کو جوتا لگایا جا رہا ہے۔ کہیں حقوق کے نام پر عوام کا کچومر نکالا جا رہا ہے اور کہیں حرتی کے نام پر عوام کو ورگلا جا رہا ہے۔ سیاسی پارٹیاں وعدے کرتی ہیں کہ ملک کو مضبوط بنائیں گے لیکن عملاً یہ صرف کھوکھلے وعدوں کی جاری ہے لیکن ملک مزید دلدلوں میں دھنس رہا ہے۔ سیاسی پارٹیاں اپنے مفاد کے لیے کارکنوں کو استعمال کرتی ہیں۔ کارکن ہمیشہ قربانیاں دیتے آئے ہیں اور لیڈران حضرات خمیئے کروں میں بیٹھ کر مفاد سمیٹ رہے ہوتے ہیں۔

یہ بھی درست ہے کہ کچھ عالمی طاقتیں سازشوں کیذریعے جمہوریت کو کمزور کرتی رہتی ہیں لیکن سازشوں کو ناکام کرنے کی کوششیں کیوں نہیں کی جاتیں؟ ایک عام آدمی سازشوں کو پہچان لیتا ہے تو سیاستدان ان سازشوں کو پہچان لینے میں ناکام کیوں ہیں؟ تھوڑی سی بھی سیاست کی سوجھ بوجھ رکھنے والا سمجھ لیتا ہے کہ عالمی سازشیں ہو رہی ہیں، تو یہ کیسے ممکن ہے کہ سیاستدان ان سے واقفیت نہ رکھتے ہوں؟ دراصل سیاستدان اپنے مفاد کے لیے سازشوں کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔ پاکستانی سیاست دان قرضے کے حصول کو کامیابی سمجھتے ہیں اور آگے کوشش نہیں کرتے کہ حاصل کیے گئے قرضے پاکستان کی فلاح کے لیے استعمال ہوں۔ سیاست دانوں کو پورا الزام دینا بھی درست نہیں کیونکہ عوام جان بوجھ کر جب گزھوں میں گرنے کے لیے تیار ہو تو دوسرا کیا کر سکتا ہے؟ عوام سیاسی تفریق خود ہی چاہتی ہے اسی لیے مطلبی سیاستدان آسانی سے عوام کو مطلمئن کر دیتے ہیں۔ اس بات کا اعتراف ضروری ہے کہ سیاستدانوں کو مجبور کیا جاتا ہے کہ صحیح فیصلے نہ کریں اور عوام بھی خاموش رہتی ہے تو سیاست دان مجبوری کی حالت میں وہ کام بھی کر لیتے ہیں جو پاکستان کے مفاد میں نہیں ہوتے۔ عوام اگر آگہی ہو کر سیاستدانوں کو مجبور کرے کہ وہ درست فیصلے کریں تو سیاست دان مجبور ہو جائیں گے کہ وہ پاکستان کے مفاد میں پالیسیاں بنائیں۔ اگر کہیں ظلم ہو رہا ہو تو عوام اس کا تماشہ دیکھنا شروع کر دیتی ہے، حالانکہ چاہیے تو یہ تھا کہ ظلم کو روکا جاتا اور ظلم کو کیڈز کر دار تک پہنچایا جاتا لیکن تماشہ دیکھ کر خاموش ہونا عوامی دطیرہ بن چکا ہے۔ پاکستان میں سیاسی عدم استحکام بہت بڑھ چکا ہے۔ سیاست کے نام پر دھوکہ دیا جا رہا ہے اور اس بات کی پرواہ بھی نہیں کی جاتی کہ دوسرے کیا سوچیں گے؟ اگر یہی حالت رہی تو آئے دن والی تسلیں مزید بسماندگی کا شکار ہوتی رہیں گی۔ سیاستدان جنہوں نے ملک کو آگے لے جانا تھا لیکن پیچھے کی طرف ملک کو دھکیل رہے ہیں۔ سیاستدانوں کا محاسبہ نہ ضروری ہے تاکہ وہ عوامی مفاد کے لیے کام کر سکیں۔

پاکستان وسیع خزانوں کا مالک ہے اور یہ اتنے خزانے ہیں کہ پاکستان خود بھی خود کفیل ہو سکتا ہے اور دوسروں کی بھی مدد کر سکتا ہے۔ معدنیات کے خزانوں کے علاوہ زرخیز زمین بھی موجود ہے اور انٹرسٹریز بھی قائم ہیں جن کی حالت یہ ہے۔ پاکستان آسانی سے ترقی کر سکتا ہے، لیکن رکاوٹ یہی ہے کہ پاکستان سیاسی عدم استحکام کا شکار ہو چکا ہے۔ پاکستان میں سیاست کو جب تک استحکام نہیں مل جاتا، ہمیں وقت تک ترقی حاصل کرنا بہت ہی مشکل ہے۔ عوام کو خود بھی بیدار ہونا ہوگا۔ برادری کی سیاست اور دوسری ہر قسم کی نقصان دہ سیاست کو چھوڑ کر حقیقی سیاست کی طرف راغب ہو کر کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے۔ عوام کی طرف سے محاسبہ نہ ہونے کی وجہ سے سیاست دان بھی مطمئن ہیں۔ عوام اگر سیاست دانوں کا محاسبہ کرنا شروع کر دے تو سیاستدان مجبوراً درست راستہ اختیار کر لیں گے۔ سیاسی عدم استحکام بہت سے مسائل میں اضافہ کر رہا ہے۔ مثالی سیاستدانوں / حکمرانوں کے واقعات تاریخ کے اوراق میں بکھرے پڑے ہیں، جنہوں نے عوام کی فلاح کے لیے کام کیا۔ دنیا میں اب بھی کئی سیاستدان موجود ہیں جو مثالی کہے جا سکتے ہیں۔ پاکستان میں بھی مثالی سیاستدان / حکمران پائے جا سکتے ہیں اگر عوام ڈٹ جائے کہ ملک کا نظام درست کرنا ہے۔ پاکستان کی بقا کے لیے ضروری ہے کہ صحیح سیاسی نظام قائم ہو جائے۔ ذاتی مفادات کو پس پشت ڈال کر اور قومی مفادات کو اولین ترجیح دے کر ملک کی شان و شوکت میں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ سیاسی استحکام سے غربت، مہنگائی، ناانصافی، ظلم و جبر اور دیگر کئی مسائل قابو میں آ سکتے ہیں۔

اب بھی وقت ہے کہ پاکستان آگے بڑھ سکتا ہے۔ ملک میں سیاسی حالات انتہائی کشیدہ ہیں اور مایوسی بہت بڑھ رہی ہے۔ پاکستانی عوام اور سیاستدانوں کے علاوہ تمام اداروں کو پاکستان کی بہتری کے لیے مل کر کام کریں تو دنیا کی کوئی طاقت پاکستان کو "ایک عظیم پاکستان" بنانے سے نہیں روک سکتی۔ پاکستان نہ تو انتہائی غریب ہیاور نہ دفاعی لحاظ ایک کمزور ہے، بلکہ ہر لحاظ سے ایک مضبوط ملک ہے اور اس کو مزید مضبوط بنا کر دنیا میں ایک مقام حاصل کیا جا سکتا ہے۔ سیاست دانوں کی طاقت عوام ہوتی ہے، اس لیے عوامی طاقت سیاست دانوں کو مجبور کر سکتی ہے کہ وہ درست قدم اٹھائیں۔ اگر ہم فیصلہ کر لیں کہ ہمیں مضبوط پاکستان ہی چاہیے تو سیاست کو استحکام دلانا ضروری ہے۔

سیاسی استحکام کی ضرورت

تحریر..... شبیر حسین آزاد

پاکستان میں لاقانونیت بڑھ رہی ہے اور سیاسی عدم استحکام سمیت عدم انصاف نے ملک کی صورتحال بہت ہی نازک کر دی ہے۔ دہشت گردی بھی ملک کو کھوکھلا کر رہی ہے۔ سیاسی عدم استحکام مسائل میں مسلسل اضافہ کر رہا ہے۔ سیاسی پارٹیاں اپنے مفاد کے لیے لڑتی بھی ہیں اور اپنے مفاد کے لیے اکٹھی بھی ہو جاتی ہیں۔ جب عوام کے حقوق کی بات آتی ہے تو سیاسی پارٹیاں مختلف حم کے راگ الاپنی شروع کر دیتی ہیں۔ پاکستان میں جمہوریت کا ڈھونگ کیا جاتا رہا ہے لیکن حقائق اس کے برعکس ہیں۔ جمہوریت کا ڈھونگ ایک طلیعہ مسئلہ ہے اور جمہوریت کی موجودگی دوسرا مسئلہ ہے۔ جمہوریت میں عوامی مفادات کو ترجیح دی جاتی ہے، لیکن یہاں عوام مختلف مسائل کا شکار ہو چکی ہے۔ آمریت اعلانیہ بھی موجود ہے اور جمہوریت کے پردے میں بھی آمریت موجود رہی۔ سیاسی پارٹیاں جمہوریت کے استحکام کے لیے کوئی خاص کردار ادا نہیں کر سکیں۔ سیاست بہت آلودہ ہو چکی ہے اور ہر پارٹی سیاست کو تعریف اپنی مرضی کے مطابق کر رہی ہے۔ کوئی پارٹی قوم پرستی کے نام پر اپنا وجود برقرار رکھ رہی ہے اور کوئی پارٹی زبان کے نام پر چپ رہی ہے۔ کہیں مسلک کے نام پر عوام کی کھال اتاری جا رہی ہے اور کہیں سوشلزم' کمیونزم کے نام پر عوام کو جوتا لگایا جا رہا ہے۔ کہیں حقوق کے نام پر عوام کا کچومر نکالا جا رہا ہے اور کہیں حرتی کے نام پر عوام کو ورگلا جا رہا ہے۔ سیاسی پارٹیاں وعدے کرتی ہیں کہ ملک مضبوط بنائیں گے لیکن عملاً یہ صرف کھوکھلے وعدوں کی جاری ہے۔ ایک جانب روپے یزن میں مسلسل گھٹتی گھٹتی ہے اس میں بھی سیاسی پارٹیاں ایک دوسرے پر الزام تراشی کرتی رہتی ہیں۔ ان میں

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 07 مئی 2025ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

سرکل، ایس ایڈمنسٹریٹر، ہاؤسز اسٹاف، ڈپٹی سیکرٹری، ہاؤسز اسٹاف، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ایڈمنسٹریشن)، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل)، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو)، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ڈویلپمنٹ)، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ایڈمنسٹریشن

بھارت ایک روز ہی بعد دریائے چناب میں پانی چھوڑنے پر مجبور ہوگیا

ملک کے قابل استعمال پانی کے ذخیرے میں 1 لاکھ 18 ہزار ایکڑ فٹ اضافہ ریکارڈ کیا گیا، ترجمان واپڈا

اس طرح کا غیر متوقع اقدام سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی ہے، پاکستان کیلئے سیلابی خطرات بھی بڑھا دیا ہے، آبی ماہرین

ارسا کا بھی دریائے چناب کی صورت حال پر گڑی نظر رکھنے اور پانی کی آمد و اخراج کے ڈیٹا کو مسلسل مانیٹر کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این ایس ایس) پاکستان کا پانی روکنے کی بھارتی کوشش ریت کی دیوار ثابت ہوئی۔ بھارت ایک روز بھی دریائے چناب میں پانی چھوڑنے پر مجبور ہوگیا۔ ہیڈ مرالہ کے مقام پر پانی کی سطح میں تیزی سے اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، چند گھنٹے قبل تک (بقیہ نمبر 2 9)

ریس کورس پولیس کی کارروائی، 6 قمار باز گرفتار

داؤ پر لگی رقم 73 ہزار 890، 5 موبائل فون، تاش برآمد

راولپنڈی (این ایس ایس) ریس کورس پولیس نے قمار باز گرفتار کرکے داؤ پر لگی رقم 73 ہزار 890 روپے، 5 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق ریس کورس پولیس کے سب انسپکٹر شاہد عباس، شاہد اقبال، طرحان علی عمر، آصف، شاہد عباس، شاہد اقبال، جمیل اور حفیظ شامل (بقیہ نمبر 3 0)

لاہور: ڈی جی سپورٹس پنجاب خضر افضال چودھری سے ٹینٹ کی تھاش کے لئے تفصیل سے دو چن صبح تک رائٹر اور تھنگ گیمز کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

کندھ کوٹ، واپڈا کی ممکنہ بھکاری کیخلاف ملک گیر احتجاج

واپڈا قومی اثاثہ ہے، اس کی بھکاری عوام دشمن اقدام ہے، اصغر بجارانی

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ واپڈا کی ممکنہ بھکاری کے خلاف ملک گیر احتجاج، کندھ کوٹ میں بھی مظاہرہ کندھ کوٹ پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین کے مرکزی صدر لطیف لغاری کی ہدایت پر تحت سیپ چینگ کی گئی، پولیس نے "مقدس" سیپ کے ذریعے جس دوران پانچ مشتبہ افراد کو حراست میں لے لیا

کندھکوٹ، داخلی و خارجی راستوں پر سخت سیپ چیکنگ

150 سے زائد افراد اور متعدد گاڑیوں کی باریک بینی سے تلاشی لی گئی

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کشمور پولیس کا کریک ڈاؤن، پانچ مشتبہ افراد زیر حراست کشمور پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے کندھکوٹ شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر سخت سیپ چینگ کی، جس دوران پانچ مشتبہ افراد کو حراست میں لے لیا جبکہ ایس ایس پی کشمور زبیر احمد تنج کی ہدایت پر ایس ایس پی جرائم ظفر اعوان ظفری کی نگرانی میں کئے گئے آپریشن کے دوران 150 سے زائد افراد اور متعدد گاڑیوں کی باریک بینی سے تلاشی لی گئی۔ پولیس نے "مقدس" سیپ کے ذریعے افراد کی فوری (بقیہ نمبر 3 5)

لاہور: وزیر اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ اروڑہ کا ایوان ڈی پی کے وفد اور دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

یو این ڈی پی صوبائی اقدامات کی حمایت کیلئے پُرعزم

صوبائی وزیر اقلیتی امور

وزیر اقلیتی امور کی ایوان ڈی پی کے وفد سے اہم ملاقات، انسانی حقوق کے فروغ اور تحفظ بارے اقدامات پر تفصیلی گفتگو

رمیش سنگھ اروڑہ نے ایوان ڈی پی وفد کو بدکاری شیلٹرز بھی پیش کیں، جو خیر سگالی اور باہمی تعاون کی علامت ہیں

لاہور (این ایس ایس) پنجاب میں انسانی حقوق کے تحفظ اور اقلیتوں کی خصوصیت کے فروغ کے لیے ایک اہم قدم کے طور پر صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور و انسانی حقوق رمیش سنگھ اروڑہ نے اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام (ایوان ڈی پی) کے ایک اعلیٰ سطحی وفد سے ایچیسن کالج آفس لاہور میں ملاقات کی۔ یو این ڈی پی کے وفد میں کامران راجا (کلچل ٹیکنیکل اسپیشلسٹ)، سادیہ کلچل (پروجیکٹ (بقیہ نمبر 3 7)

بجٹ میں زیادہ پنشن لینے والوں پر انکم ٹیکس عائد کرنے کا مطالبہ

ماہانہ 4 لاکھ روپے یا زیادہ پنشن پر 2.5 فیصد کا انکم ٹیکس عائد ہوسکتا ہے،

اسلام آباد (این ایس ایس) آئی ایم ایف نے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں زیادہ پنشن لینے والوں پر انکم ٹیکس عائد کرنے کا مطالبہ سامنے آیا ہے اور بجٹ اہداف کو حتمی شکل دینے کیلئے آئی ایم ایف والوں پر انکم ٹیکس عائد کرنے کا مطالبہ کردیا۔ پاکستان ٹی وی کے مطابق بجٹ 2025-26 سے قبل آئی ایم ایف کی جانب سے زیادہ پنشن لینے والوں پر (بقیہ نمبر 3 8)

میاں محمد نعیم مہر انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ کا نائب صدر منتخب

یہ عہدہ نہ صرف ایک اعزاز ہے بلکہ انسانی خدمت کی اعلیٰ مثال بھی ہے، روزی خان

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) پریزیڈنٹ چھدہ وگ راولپنڈی ڈویژن انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ پاکستان روزی خان نے میاں محمد نعیم مہر کو انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ کا وائس پریزیڈنٹ پاکستان منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی، اس موقع پر روزی خان کا کہنا تھا کہ یہ عہدہ نہ صرف ایک اعزاز ہے بلکہ انسانی خدمت کی اعلیٰ مثال بھی ہے۔ محمد نعیم مہر کی اس کامیابی سے یہ ثابت ہوا ہے کہ ان کی صلاحیتیں، خدمات اور اخلاص عالمی سطح (بقیہ نمبر 3 9)

پنجاب حکومت کا سٹوڈنٹ کارڈ لانچ کرنے کا فیصلہ

سٹوڈنٹ کارڈ پر سٹوڈنٹس کو مختلف جگہوں پر ڈسکاؤنٹ ملیں گے

لاہور (این ایس ایس) پنجاب حکومت نے سٹوڈنٹ کارڈ لانچ کرنے کا فیصلہ کرلیا، جس کے تحت تمام نجی و سرکاری تعلیمی اداروں کے سٹوڈنٹس کو سٹوڈنٹ کارڈ دیئے جائیں گے۔ سٹوڈنٹ کارڈ پر سٹوڈنٹس کو مختلف جگہوں پر ڈسکاؤنٹ ملیں گے، طلبا سٹوڈنٹ کارڈ دکھانے پر مفت سفر کرسکیں گے۔ سٹوڈنٹس کی تعلیمی و دیگر ضروریات کو پورا کرنا تعلیمی اداروں کے سٹوڈنٹس کو سٹوڈنٹ کارڈ دیئے جائیں گے۔ سٹوڈنٹ کارڈ (بقیہ نمبر 4 0)

فوری ضرورت

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

حکومتی اقدامات کے باعث گندم کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا

سیکرٹری پرائس کنٹرول

سیکرٹری پرائس کنٹرول اینڈ ڈپٹیز منیجمنٹ محمد اجمل بھٹی اور ڈی جی فوڈ پنجاب شعیب جدون کی تفصیل بریفنگ *

زیادہ سے زیادہ گندم خریداری کیلئے فلور ملز کو 100 ارب کی فنانگ وزیر اعلیٰ پنجاب کی کسان دوست پالیسی کا عکاس ہے، سلمیٰ بٹ

لاہور (این ایس ایس) معاون خصوصی برائے پرائس کنٹرول اینڈ ڈپٹیز منیجمنٹ محمد اجمل بھٹی اور ڈی جی فوڈ پنجاب شعیب جدون نے تفصیل سے پالیسی نفاذ بارے اہم اجلاس ہوا، سیکرٹری پرائس کنٹرول اینڈ ڈپٹیز منیجمنٹ محمد اجمل بھٹی اور ڈی جی فوڈ پنجاب شعیب جدون نے تفصیل سے پالیسی نفاذ بارے اہم اجلاس ہوا، سیکرٹری بینکنگ ڈی جی گندم کاشتکاروں کو فی ایکڑ 5 ہزار روپے فراہمی بارے، درخواستوں و پالیسی کا عکاس ہے، سلمیٰ بٹ بارے آگاہ کیا گیا، ای ڈبلیو آر سسٹم کے نفاذ، فلور کرین لائسنس ہولڈرز (بقیہ نمبر 4 8)

لاہور: وزیر معدنیات پنجاب شیر علی گورچانی اور وزیر مواصلات و قانون سید امیر محمد تھرتھکہ معدنیات میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایس پی راول کی زیر صدارت افسران سے میٹنگ

ڈکیتی، قتل، سٹریٹ کرائم سمیت دیگر مقدمات میں ملزمان کی گرفتار کی ہدایت

راولپنڈی (این ایس ایس) ایس پی راول محمد حبیب راجہ کی زیر صدارت راول ڈویژن کے افسران سے میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، میٹنگ میں راول ڈویژن کے ایس ایچ اوز نے شرکت کی، ایس ایس پی راول نے زیر تفتیش مقدمات کی پراگرس سمیت دیگر امور کا تفصیلی جائزہ لیا اور ہدایات دیں، ڈکیتی، قتل، ریاری، سٹریٹ کرائم سمیت دیگر مقدمات (بقیہ نمبر 5 0)

IBA ٹیسٹ پاس ڈپلوائیڈ امیدواروں کا احتجاج

حکومت تعلیم یافتہ نوجوانوں کے ساتھ ظلم بند کرے، دل مراد دھانی

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: IBA ٹیسٹ پاس ڈپلوائیڈ رکھنے والے IBA ٹیسٹ پاس ڈپلوائیڈ PST اور JEST اسائنمنٹ جاری نہ ہونے کے خلاف احتجاجی دھرنا مسلسل دسویں روز بھی جاری، PST اور JEST امیدواروں کو آفر آرڈر آفر آرڈر جاری نہ ہونے پر دسویں روز بھی احتجاج جاری، کندھ کوٹ میں تعلقہ تنظیم کی تحقیق (بقیہ نمبر 5 2)

مخصوص نشستوں کے فیصلے پر نظر ثانی درخواستیں سماعت کیلئے منظور

فریقین کو نوٹسز جاری، تو ہین عدالت کی درخواست بھی اس کیس کے ساتھ ہی سنی جائے گی، عدالت عظمیٰ کا فیصلہ

جسٹس عائشہ ملک اور جسٹس عقیل عباسی نے اختلاف کرتے ہوئے نظر ثانی درخواستوں کو ناقابل سماعت قرار دیدیا

شرقپور شریف بڑھ بھگوال شرقپور روڈ پر انلیٹے والا آئل ٹینکر

اسلام آباد (این ایس ایس) سپریم کورٹ کے آئینی بنچ نے مخصوص نشستوں کے فیصلے پر نظر ثانی درخواستوں کو سماعت کے لیے منظور کرتے ہوئے فریقین کو نوٹسز جاری کردیئے جبکہ بنچ کے ارکان جسٹس عائشہ ملک اور جسٹس عقیل عباسی نے اختلاف کرتے ہوئے نظر ثانی درخواستوں کو ناقابل سماعت قرار دے دیا، جسٹس عائشہ ملک نے ریمارکس دیے ہیں کہ ٹیلے پر ملبہ آمد کے بغیر آپ نظر ثانی کیسے فائل کر سکتے ہیں؟ جسٹس عقیل عباسی نے ریمارکس دیے ہیں کہ ٹیلے پر ملبہ آمد نہ ہونے پر توہین (بقیہ نمبر 5 3)

بھارت اشتعال انگیز بیان بازی بند کرے، اے آئی سی گروپ

جدہ (این ایس ایس) اسلامی تعاون تنظیم گروپ نے جنوبی ایشیا میں بگڑتی ہوئی سکیورٹی صورتحال پر اظہار تشویش کیا ہے، بھارت کی جانب سے پاکستان پر لگائے گئے بے بنیاد الزامات کے باعث پہلے سے ہی غیر مستحکم خطے میں حالات مزید کشیدہ ہو رہے ہیں، دہشت گردی کی ہر شکل میں مذمت کرتے ہیں۔ ایک بیان میں اسلامی تعاون تنظیم گروپ نے کہا کہ کشمیر و شمیر کو دیرینہ تنازعہ جنوبی ایشیا میں امن و امان کو متاثر کرنے والا بنیادی مسئلہ (بقیہ نمبر 5 9)

بھارتی جیل میں قید مظفر آباد کا ٹرک ڈرائیور یوسف شاہ انتقال کرگیا

آگرہ (این ایس ایس) بھارتی جیل میں قید مظفر آباد کا ٹرک ڈرائیور یوسف شاہ انتقال کرگیا۔ مظفر آباد میں موجود ڈرائیور کے بھائی کے مطابق آگرہ جیل حکام نے سید یوسف شاہ کی تدفین جیل میں ہی کردی۔ مرحوم کے بھتیجے عمیر احمد کے مطابق چالیس یوسف شاہ کے جیل سے انتقال کی خبر دی اور بتایا کہ یوسف شاہ 4 روز پہلے انتقال ہوا۔ بھتیجے کے مطابق یوسف شاہ کو بھارت نے مشتبہ اسمگلنگ کے الزام میں گرفتار کیا تھا۔ بھتیجے (بقیہ نمبر 5 6)

لاہور: وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اور گنڈیسر بھی اور صوبائی وزیر زراعت و لائیو سٹاک سید عاشق حسین گرمانی ملاقات کر رہے ہیں۔

بھارت نے بغیر کسی جنگ کے پاکستان سے شکست تسلیم کرلی

اقوام متحدہ کا اجلاس جاری ہے، جس میں کمال کی بات تو یہ ہے کہ 5 ویٹو پاور بھی پاکستان کے ساتھ ہیں، بھارتی تجزیہ

واضح رہے پاکستان اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے خصوصی اجلاس میں بھارت کا گھناؤنا چہرہ بے نقاب کر چکا ہے

سرگودھا، طالبہ زیادتی کیس کا فیصلہ سنا دیا گیا

ملزم کو 35 سال قید بامشقت، سات لاکھ روپے جرمانہ

سرگودھا (این ایس ایس) ایڈیشنل سیشن جج حقیق الرحمٰن نے ساتویں جماعت کی 13 سالہ طالبہ کو اغوا کر کے 20 جون تک زیادتی کے مقدمہ کا فیصلہ سناتے ہوئے مرکزی ملزم کو 35 سال قید بامشقت اور سات لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا اور اس مقدمہ میں ملوث خاتون کو شک کا فائدہ دیتے ہوئے بری کر دیا، رائج کے مطابق سرگودھا شہر کے علاقہ نیو سٹلائٹ ٹاؤن کے شہباز نے خاتون نے ساتویں جماعت کی 13 سالہ طالبہ کو اغوا کر کے 28 فروری 2024 کو کوٹلہ وزار سیف اللہ کی ساتویں جماعت کی 13 سالہ طالبہ بھائی زنیب کو کی اغوا کر لیا اور نامعلوم مقام پر 20 جون تک زبردستی زیادتی کا نشانہ بناتا رہا موقع پا کر طویلہ طالبہ ہوئے میں کامیاب ہوگئی جس پر تھانہ سٹلائٹ (بقیہ نمبر 5 8)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035

راولپنڈی: بذریعہ لفٹ دوائی جو اٹھیلنے والے قمار باز کو سیدان پولیس کی حراست میں۔

چیئرمین مسلم ہینڈز انٹرنیشنل کی جانب سے شاندار عشائیہ

سجادہ نشین مجددیہ چورہ شریف پیر سید محمد حسنین فاروق شاہ کی خصوصی شرکت

پنڈ دادنخان (مرزا زار عباس سے) چیئرمین مسلم ہینڈز انٹرنیشنل سید محمد حسنین شاہ صاحب کی زیر صدارت جانب سے رہائش ہوٹل اسلام آباد میں شاندار عشائیہ۔ مرشد کریم حضور شاہ صاحب کی ہم (بقیہ نمبر 4 1)

سیاح الحرمین الحاج علامہ سید محمد حسنین فاروق شاہ صاحب سجادہ نشین خانقاہ مجددیہ چورہ شریف اگ سے خصوصی طور پر شرکت فرمائی۔ سید صاحب کے ہم

کندھ کوٹ، واپڈا اہلکاروں کی سنگین غفلت اور بجلی چوری

انتظامیہ خاموش تماشائی بن گئی، محکمہ کی ساکھ کو داؤ پر لگا دیا گیا

کشمور (سید رشید احمد شاہ) سیکیو سب ڈویژن دادو کندھ کوٹ میں واپڈا اہلکاروں کی سنگین غفلت اور بجلی چوری، انتظامیہ خاموش تماشائی بن گئے کندھ کوٹ: سیکیو سب ڈویژن دادو کندھ کوٹ کی حدود میں واپڈا اہلکاروں کی مبینہ ملی بھگت اور بجلی چوری کے سنگین واقعات منظر عام پر آگئے ہیں، جنہوں نے نہ صرف محکمے کی ساکھ کو داؤ پر لگا دیا ہے بلکہ عوامی اعتماد کو بھی بری طرح مجروح کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق کندھ کوٹ میں بنک اسلامی کے قریب (بقیہ نمبر 4 2)

راولپنڈی: تاش پر جوا کھیلنے والے قمار باز پولیس کورس پولیس کی حراست میں۔

پاک بھارت کشیدگی میں فوجی کارروائی کوئی حل نہیں، انتونیو گوٹریس

اقوام متحدہ (شہوا) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوٹریس نے پاکستان اور بھارت کے درمیان جاری کشیدگی کے بارے میں کہا کہ فوجی حل نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مجھے یہ دیکھ کر دکھ (بقیہ نمبر 3 1)

ایران اور یورپی یونین کا باہمی خدشات پر سیاسی مذاکرات کیلئے آمادگی کا اظہار

تہران (شہوا) ایران کی وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ایران اور یورپی یونین (ای یو) نے اپنے اختلافات اور باہمی خدشات پر سیاسی بات چیت کیلئے آمادگی ظاہر کی ہے۔ ایران کے وزیر خارجہ سید عباس عراقچی اور یورپی یونین کی خارجہ پالیسی کی سربراہ کاجا کالس نے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے تازہ ترین علاقائی اور بین الاقوامی پیشرفت کے ساتھ ساتھ تہران اور واشنگٹن کے درمیان بالواسطہ جوہری مذاکرات کی پیشرفت (بقیہ نمبر 3 2)

یمن میں 48 لاکھ افراد بے گھر، پناہ گاہوں کا بحران شدت اختیار

عدن (شہوا) اقوام متحدہ کے ہائی کمشنر برائے مہاجرین (یو این ایچ کی آر) نے بتایا ہے کہ یمن میں تقریباً 48 لاکھ افراد بے گھر ہیں، جن میں سے بہت سے لوگ پناہ گاہوں کی بیوستی قلت اور بے دخلی کے بڑھتے خطرے کی وجہ سے متعدد بار نقل مکانی پر مجبور ہوئے ہیں۔ اقوام متحدہ کے ادارہ برائے مہاجرین نے ایک بیان میں خبردار کیا ہے کہ بہت سے خاندانوں کے لیے محفوظ پناہ گاہیں پہنچ سے باہر ہیں۔ انہوں نے بے گھر آبادیوں کے بڑھتے (بقیہ نمبر 3 6)

پہلگام حملہ آزاد کشمیر میں تربیتی کیمپس کا یک طرفہ بھارتی الزام جھوٹ ثابت

بھارت بیلا ترو شاہ میں دہشت گردوں کے تربیتی کیمپس موجود ہونے کا الزام عائد کر رہا ہے

انٹرنیشنل اور پاکستانی میڈیا نے ایل او سی سے 26 کلومیٹر کے فاصلے پر بیلا ترو شاہ کا دورہ کیا۔ میڈیا نے ایل او سی سے 26 کلومیٹر کے فاصلے پر بیلا ترو شاہ کا دورہ کیا۔ بھارتی الزامات کے برعکس علاقے میں پرامن ماحول اور زندگی معمول کے مطابق رواں دواں ہے۔ مقامی شہری نے کہا کہ 37 سال سے دور دور تک کوئی کیمپ نہیں دیکھا معمولات زندگی ابھی طرح جاری ہیں، دنیا تسلیم کر رہی ہے کہ یہاں کوئی جیش کیمپ نہیں تھا۔ وہاں موجود (بقیہ نمبر 4 3)

پوٹھوہار ڈویژن پولیس کے مختلف تھانوں میں سرچ آپریشن

گھروں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف اور افراد کی چیکنگ کی گئی

راولپنڈی (این ایس ایس) پوٹھوہار ڈویژن پولیس نے مختلف تھانوں میں سرچ آپریشن کیے، سرچ آپریشن میں گھروں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف اور افراد کی چیکنگ کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق پوٹھوہار ڈویژن پولیس نے فتانہ سول لائنز اور نصیر آباد کے علاقوں عابلی موہری اور ڈھوک مستقیم و گردوخواج میں سرچ آپریشن کیے گئے، سرچ آپریشن میں مقامی پولیس سمیت، لیڈی پولیس، ایلیٹ فورس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے (بقیہ نمبر 4 4)

لاہور: وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی اور دیگر کا پنجاب یونیورسٹی کالج آف فارسی کے زیر اہتمام جلسہ تقسیم اسناد میں گولڈ میڈل حاصل کرنے والی طالبہ کے ساتھ گروپ فوٹو۔

پنجاب، پختونخوا اور بلوچستان کے عوام کیلئے خوشخبری

دو روز کا انتظار، بارش برسانے والا سسٹم ایک بار پھر آئے گا

لاہور: پشاور، کوئٹہ (این ایس ایس) پنجاب، خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں گرمی کے ستائے عوام کے لیے محکمہ موسمیات نے خوش خبری سنا دی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق لاہور سمیت پنجاب بھر میں بارش برسانے والا سسٹم دو روز بعد دوبارہ داخل ہوگا جب کہ اس وقت پنجاب کے بیشتر علاقوں میں خشک موسم کا سلسلہ جاری ہے اور آئندہ آنے والے 2 دو روز بارش کے امکانات نہیں ہیں۔ موسمیاتی دارالحکومت سے کئی شہروں میں گرد آلود ہوائیں (بقیہ نمبر 4 5)

لاہور: پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے مدیسف المعلوک کھوکھر مردہ ہسپتال کے اچانک دورہ کے موقع پر مریضوں کو دوائی ملنے و دیگر سہولیات بارے آگاہی حاصل کر رہے ہیں۔

تمام گلوری سیلوز مسافروں کی بکنگ کے کرایوں کا اعلان

لاہور (این ایس ایس) پاکستان ریلوے نے تمام گلوری سیلوز مسافروں کی بکنگ کے کرایوں کا اعلان کر دیا۔ جاری بیان کے مطابق پاکستان ریلوے نے تمام گلوری سیلوز مسافروں کی بکنگ کے کرایوں کا اعلان کر دیا۔ وزیر اعظم سلمان میں کراچی تا لاہور چھ لاکھ روپے جبکہ اسلام آباد سے لاہور ڈیڑھ لاکھ روپے کرایہ ہوگا۔ دیگر سلوز میں کراچی تا لاہور چار لاکھ تیئس ہزار اسلام آباد سے لاہور ایک لاکھ روپے کرایہ ہوگا۔

مٹی کا تودہ گرنے سے دو کم سن چچازاد بھائی جاں بحق

ملتی (این ایس ایس) ضلع مہمند میں مٹی کا تودہ گرنے سے دو کم سن چچازاد بھائی جاں بحق جبکہ والد شدید زخمی ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ضلع مہمند کی تحصیل چغرمٹی کے علاقہ دوبزئی میں مٹی کا تودہ گرنے سے دو کم سن چچازاد بھائی جاں بحق جبکہ باپ شدید زخمی ہوا۔ مرحوم واقعہ علاقہ دوبزئی حاجی کور میں پیش آیا جہاں پر مٹی کا تودہ گر گیا جس کے نیچے میں خان ولی کا ایک بیٹا بلال ولد خان ولی اور ڈھائی سال اور ایک بھتیجا ایوز ولد شیر ولی موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے۔

بھارتی بے بنیاد الزامات، پنجاب اسمبلی میں قرارداد جمع

جوان دشمن کا غرور خاک میں ملائیں گے، صمدرواے پی ایف آمنہ شیخ

لاہور (این ایس ایس) پنجاب اسمبلی کے یک پارلیمنٹیرین فورم (دائے ایف) کی صدر آمنہ حسن شیخ نے بھارت کی جانب سے پاکستان پر لگائے گئے بے بنیاد الزامات کی شدید مذمت کرتے ہوئے ایک متفقہ قرارداد پنجاب اسمبلی میں جمع کروادی۔ قرارداد میں آمنہ حسن شیخ نے کہا کہ بھارت کی جانب سے پاکستان پر لگائے گئے